No 1288
Date 20-8-2020
Department Higher Education

توجہ دلاو نوٹس نمبر 1288

منجانب: خوشدل خان ایڈوکیٹ رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ اعلیٰ تعلیم کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ خیبر پختونخوا میں عبدالولی خان یونیورسٹی مردان، انجینئرنگ یونیورسٹی پشاور، بنوں یونیورسٹی، فاٹا یونیورسٹی، خیبر میڈیکل یونیورسٹی، کوہاٹ یونیورسٹی، باچا خان یونیورسٹی چارسدہ اور ٹیکنیکل یونیورسٹی نوشہرہ مستقل وائس چانسلرز سے محروم ہیں۔ اسی طرح ان یونیورسٹیز اور دیگر جامعات میں مستقل رجسٹرار، کنٹرولر امتحانات، ڈائریکٹر فنانس وغیرہ کی بھی تعیناتی نہیں کی جاتی ہے اور اضافی چارج یا پھر جونیئر افسران کے ذریعے ان اہم عہدوں کے اُمور نمٹائے جارہے ہیں جو کہ جامعات اور طلبہ وطالبات کے مفاد میں نہیں ہے اور یہی وجہ ہے کہ آج یونیورسٹیاں مالی بحران سے دوچار ہیں۔ اس کے علاوہ ہائیر ایجوکیشن میں ڈائریکٹر تعلیمات کا عہدہ 3 ماہ سے خالی پڑا ہے جس کے نتیجے میں نہ صرف دفتری اُمور متاثر ہورہے ہیں بلکہ قانون کی خلاف ورزی بھی ہورہی ہے۔ لہٰذا اس توجہ دلاؤ نوٹس کے ذریعے میں حکومت سے مطالبہ کرتا ہوں کہ ان تمام خالی عہدوں پر بلا تاخیر میرٹ کی بنیاد پر تعیناتی کی جائے۔